## سوال

میں وضو میں ہاتھ دھونے کا طریقہ پوچھنا چاہتا ہوں، مجھے اللہ کے فضل سے اور پھر آپ کی ویب سائٹ کی وجہ سے معلوم ہے کہ ہاتھوں کو دھونے کا عمل انگلیوں سے کہنی کی طرف ہوگا، لیکن میرا سوال یہ ہے کہ کیا انگلیوں سے کہنی کی طرف ہاتھ کو دھونا اور پھر کہنیوں سے انگلیوں کی طرف دھونا یہ دو بار دھونا شمار ہوگا یا ایک بار؟

## جواب

ہمہ قسم کی حمد اللہ تعالی کےلیے، اور درود و سلام ہوں اللہ کے رسول پر، بعد ازاں:

وضو کے فرائض میں سے ایک فریضہ کہ جس کے بغیر وضو صحیح نہیں ہوگا، انگلیوں سے کہنیوں تک ہاتھوں کو ایک بار دھونا فرض ہے۔

جبکہ تین بار دھونا مستحب ہے۔

ایک بار دھونے کا مطلب یہ ہے کہ پورے عضو تک ایک بار پانی پہنچ جائے چاہے وہ کسی بھی طریقے سے ہو، لہذا جب ایک بار ہاتھ کی انگلیوں کے کنارے سے لے کر کہنیوں تک پانی پہنچ گیا تو اسے ایک بار دھونا کہیں گے۔

اور جب پورے عضو تک دوسری بار پانی پہنچایا جائے گا تو یہ دوسری بار دھونا شمار ہوگا۔

مزید کےلیے دیکھیں: "الفواکہ الدوانی" (1/144)

والله اعلم

الاسلام سوال وجواب

**133096**